NHS

رسائی کا کوڈ: **XXXX XXXX XXXX**

مارچ 2024

## ذیابیطس کی نگہداشت کو بہتر بنانے میں NHS کی مدد کریں

ہم آپ سے ذیابیطس سے گزرنے کے تجربے کے قومی سروے میں حصہ لینے کے سلسلے میں استفسار کرنے کے لیے تحریر کر رہے ہیں۔ NHS، Ipsos انگلینڈ کی جانب سے یہ سروے انجام دے رہی ہے۔

## ذیابیطس کے ساتھ زندگی گزارنے کا اپنا تجربہ ہمارے ساتھ شیئر کریں

اس سروے میں آپ سے آپ کے ذیابیطس کے ساتھ زندگی گزارنے کے تجربے اور اس نگہداشت سے متعلق پوچھا جاتا ہے جو آپ کو NHS سروسز کی جانب سے فراہم کی گئی ہے۔ یہ اہم قومی سروے ذیابیطس میں مبتلا افراد کی مدد سے تیار کیا گیا ہے۔ NHS آپ کے جوابات کو آپ جیسے لوگوں کی نگہداشت کو بہتر بنانے اور ان کی معاونت کرنے کے لیے استعمال کرے گا۔

## دو آسان مرحلوں میں آن لائن حصہ لیں

1. www.diabetessurvey.co.uk/login_ پر جائیں
2. حصہ لینے کے لیے XXXX XXXX XXXX کوڈ داخل کریں



یا آپ اپنے اسمارٹ فون یا دوسری ڈیوائس پر کیمرہ استعمال کرتے ہوئے درج بالا QR کوڈ اسکین کریں۔

**سروے میں حصہ لینے میں صرف 15منٹ لگیں گے۔**

**آپ جلد از جلد حصہ لے کر پیسے بچانے میں NHS کی مدد کر سکتے ہیں۔** اس طرح ہمیں آپ کو کوئی یاد دہانیاں بھیجنے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔

## آپ کی معلومات کے حوالے سے رازداری برقرار رکھی جائے گی

آپ کی نگہداشت میں شامل افراد میں سے کسی کو بھی معلوم نہیں ہو گا کہ آیا آپ نے اس سروے میں حصہ لیا ہے یا نہیں۔ اگلے صفحے اور ہماری ویب سائٹ **www.diabetessurvey.co.uk** پر اس سروے اور رازداری سے متعلق مزید معلومات موجود ہیں۔ اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں، یا اس سروے میں حصہ لینے کے لیے مدد درکار ہے، تو Ipsos کو (پیر سے ہفتہ صبح 10 بجے سے سہ پہر 4 بجے تک) **فری فون 0800 470 2965** پر فون کریں۔

ذیابیطس کی نگہداشت کو بہتر بنانے میں NHS کی مدد کرنے کے لیے وقت دینے کی خاطر آپ کا شکریہ۔

آپ کی خیر اندیش

ڈاکٹر صوفی ہیرس (Dr Sophie Harris)
ذیابیطس کی طبی سربراہ اور NHS کنسلٹنٹ
ذیابیطس سے گزرنے کے تجربے کے قومی سروے کی ٹیم